تعلقات عامہ دفتر

جامعہ ملیہ اسلامیہ، نئی دہلی

October-03 2023

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ میں اسٹروفزیکس (اے ایس اے ڈبلیو اے دو ہزار تیئس) کے موضوع پر ہند جنوبی افریقہ ورکشاپ کا انعقاد

جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سینٹر فار تھیوریٹیکل فیزیکس نے اسٹروفزیکس (اے ایس اے ڈبلیو اے دو ہزار تیئس) کے موضوع پر ہند جنوبی افریقہ ورکشاپ منعقد کیا ہے۔ واضح رہے کہ اسٹروفزکس کے میدان میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان یہ پہلا اشتراک ہے۔ ورکشاپ ستائیس ستمبر دو ہزار تیئس کو شروع ہوا تھا اور انتیس ستمبر دو ہزار تیئس کو اختتام پذیر ہوا۔ ورکشاپ کے افتتاحی پروگرام میں جنوبی افریقہ، ڈربن کی کوازولوناٹال (یو کے زیڈ این) یونیورسٹی کے پروفیسر سنیل مہاراج، جامعہ ملیہ اسلامیہ کے نائب شیخ الجامعہ، پروفیسر (ڈاکٹر) اقبال حسین، جامعہ کے سی ٹی پی کے سشانت گھوش نے شرکت کی۔ پروفیسر اقبال حسین نے افتتاحی پروگرام میں سائنسی تحقیق کے فروغ میں بین الاقوامی اشتراک کی اہمیت پر زور دیا۔

اسٹروفیزکس کی ممتاز شخصیات جیسے کہ ڈربن یونیورسٹی کے کوازولو اور جامعہ ملیہ اسلامیہ کے سی پی تی کے پروفیسر سشانت گھوش نے ہند افریقہ اشتراک پر اور آئی ایس اے ڈبلیو اے۔ دو ہزار تیئس کے اغراض ومقاصد پر پرمغز گفتگو کی۔ ورکشاپ کے انعقاد کا مقصد معلومات کا تبادلہ، تحقیقی ساجھیداری کو آسان بنانا اور اسٹروفزیک کے موضوع پر جدید تحقیق کو دریافت کرنا تھا۔

آئی اس اے ڈبلیو اے۔ دو ہزار تیئس میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے اسکالروں کے درمیان اشتراک سے اسٹروفیزکس کے فروغ اور کائنات کے متعلق ہماری تفہیم کو اور بہتر کرنے میں اس سے بہت مدد ملے گی۔

بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان اشتراکات کی اہم باتیں:

۔معلومات کا تبادلہ:

بھارت اور جنوبی افریقہ کے بہترین اذہان اس اشتراک سے ایک پلیٹ فارم پر آئے ہیں اور اسٹروفیزکس سے متعلق اپنے

تجربات ساجھا کریں گے ساتھ ہی اس سے متعلقہ موضوع پر ایک جامع تفہیم کی راہ بھی ہموار ہوگی۔

۔ تحقیق کے مواقع:

اے ایس اے ڈبلیو اے دو ہزار تیئیس سے مشترکہ پراجیکٹ کے راستے کھلے گیں جس سے کہ کائنات، گریویٹشنل ویو ،بلیک ہول وغیرہ جیسے اہم موضوعات کے ساتھ ساتھ اسٹروفیزکس میں جدید تحقیق میں سائنس داں اشتراک بھی کرسکیں گے۔

۔ تعلیمی پہل:

بھارت اور جنوبی افریقہ کے اشتراک میں دونوں ملکوں کے سائنس دانوں اور اسٹروفیزکس کے میدان میں کام کرنے والی نئی نسل کے لیے مینٹرنگ مواقع کے ساتھ ساتھ تعلیمی پروگرام، اسٹوڈینٹ اکسچینج بھی شامل ہیں۔

۔ بین الاقوامی نیٹ ورکنگ:

اے ایس اے ڈبلیو اے دو ہزار تیئیس نے نیٹ ورکنگ کے لیے ایک پلیٹ فارم مہیا کیا ہے جس سے کہ اس میں حصہ لینے والے لوگ مختلف پس منظروں سے آنے والے اپنے ساتھیوں اور ماہرین کے ساتھ رابطہ استوار کرسکتے ہیں۔

تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ نئی دہلی